# DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

# نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

## اہم قومی ومقامی خبریں — مورخہ 01-10-2022

| خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ ریکوڈک کیس پر ریفرنس بھیجنے کی منظوری آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے کمیٹی قائم، وزیراعظم شہباز شریف | آزادی ودیگر اخبارات |
| 2۔ نیازی نے اداروں کو بدنام کیا تحقیقات ہونی چاہیئے، مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ چھوٹے کسانوں اور کاشتکاروں کو بیج اور کھاد پر سبسڈی دے رہے ہیں، اسد بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔ سیلاب زدگان کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑینگے، شاہ زین بگٹی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔ سیندک پروجیکٹ سے عوام کو آج بھی کوئی سہولت میسر نہیں، امان اللہ نوتیزئی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 6۔ بزدل دہشتگرد ایک بار پھر بلوچستان میں حالات خراب کرنا چاہتے ہیں، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔ وفاقی کابینہ بلوچستان کے وزراء نے ریکوڈک میں حصہ بڑھانے کا مطالبہ کردیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔ ملک بھر میں سائنس وٹیکنالوجی کا فروغ اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر آغا حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔ متاثرین سیلاب کی بحالی وفاقی حکومت کی پہلی ترجیح ہے، اسرار ترین | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔ وزیراعلیٰ بزنجو اور جام کمال بلوچستان عوامی پارٹی کا سرمایہ ہیں، سینیٹر ثمینہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔ مشیر داخلہ کوہلو بازار میں دھماکے کی رپورٹ طلب کرلی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔ دہشت گردوں کے عزائم عوام کی حمایت سے ناکام بنادینگے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔ بوستان سپیشل اکنامک زون کیلئے ٹرمینیشن لائن کا کنٹریکٹ دے دیا گیا | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ فوج ایف سی اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے 54 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15۔ بلوچستان ایک دن میں 8295 افراد وبائی امراض کا شکار ہوگئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔ بلوچستان کے نوجوان بھی ملکی دفاع میں کسی سے پیچھے نہیں، آئی جی ایف سی نارتھ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17۔ وفاقی محتسب کی جانب سے شہری کی دادرسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18۔ بلوچستان حکومت جاتی نظر آرہی کہیں ہم بھی ان میں شمار نہ ہوں، اختر مینگل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19۔ کوئٹہ سبی شاہراہ پر سفر اذیت ناک صورت اختیار کرگیا، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20۔ 29 جولائی سے بند کوئٹہ زاہدان ٹریک بحال | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کوہلو مرکزی بازار میں دھماکہ ایک شخص جاں بحق 25 زخمی، اختر محمد روڈ پر مدرسہ کے اساتذہ وطلباء کا مجسٹریٹ اور پولیو ٹیم پر پتھراؤ 8 گرفتار، مچھ، چرس اسمگل کرنے اور پک اپ چھیننے والے ملزمان گرفتار، تربت ایف سی ہیڈکوارٹر پر دستی بم حملہ نقصان نہیں ہوا۔

## عوامی مسائل

وفاقی ملازمتوں کی تشہیر میں بلوچستان کا محدود کوٹہ بے روزگار نوجوان مایوس، تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میٹروپولیٹن ملازمین کا احتجاج، فیصل ٹاؤن گیس اور پانی کا بحران سنگین جابجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر، بلوچستان یونیورسٹی سخت مالی بحران کا شکار ہے۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01-10-2022

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کا زرعی شعبہ وفاق اور صوبے کی یکساں توجہ ناگزیر!!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کے فلور پر گزشتہ روز ایک بار پھر صوبے کے سب بڑے پیداواری شعبے زرعت کی تباہی حالی کی صدائے بازگشت سنائی دی ہے اور جہاں ایک طرف صوبائی وزراء نے صوبے کے زمینداروں کی جانب سے جاری احتجاج کو مبنی حق قرار دیتے ہوئے اس کی اخلاقی حمایت کی ہے وہاں اپوزیشن اراکین کی جانب سے یہ تجویز سامنے آئی ہے کہ صوبے کے زرعی شعبے کی بحالی واستحکام اور اس شعبے میں درپیش مسائل کے حل اور خاتمے کیلئے باضابطہ طور پر وفاق سے رجوع کیا جائے۔صوبائی حکومت اس ضمن میں وفاق سے رجوع کرتی ہے یا نہیں سردست کچھ نہیں کہا جاسکتا تاہم امر مسلم یہی ہے کہ بلوچستان کا زرعی شعبہ جو عرصہ دراز سے ابتری اور تنزلی کا شکار تھا حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب نے رہی سہی کسر بھی نکال دی ہے حالانکہ بلوچستان میں سب سے زیادہ جس شعبے سے لوگوں کی روزی روٹی وابستہ ہے وہ زرعی شعبہ ہی ہے ایک محتاط اندازے کے مطابق بلوچستان کے ستر فیصد سے زائد لوگوں کا ذریعہ معاش دو بڑے شعبوں زراعت اور گلہ بانی سے وابستہ ہے یہ دونوں ہی شعبے حالیہ بارشوں اور سیلاب سے تباہ ہوئے ہیں زرعی شعبے کی اگر بات کریں تو بلوچستان کسی زمانے میں اپنی مثالی اور خاطر خواہ زرعی پیداوار کی بناء پر فروٹ باسکٹ کہلاتا تھا یہاں نہ صرف ہر طرح کے پھل او سبزیاں کاشت ہوتی ہیں بلکہ سندھ سے متصل بلوچستان کا صرف ایک ڈویژن نصیر آباد جو صوبے گرین بیلٹ بھی کہلاتا ہے۔اس کا ایک فائدہ یہ ہوگا کہ بجلی کی بحث ہوگی دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ اربوں روپے کی سبسڈی جو وفاق اور صوبے مل کر دیتے ہیں یہ پیسے بچ جائیں گے اس کے ساتھ ساتھ زرعی شعبے میں تحقیق اور زراعت کو سیعی کے شعبوں پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے ہم اراکین بلوچستان اسمبلی کی تجاویز اور آراء سے اتفاق کرتے ہیں ضرورت اسی امر کی ہے کہ بلوچستان حوکمت نہ صرف خو دزرعی شعبے کی بحالی واستحکام کیلئے پہلے کے مقابلے میں زیادہ تندہی سے اقدامات اُٹھائے بلکہ اس ضمن میں وفاق سے بھی رابطہ کیا جائے اور وفاق اور صوبہ مل کر ایسے اقدامات اُٹھائیں جن کی بدولت اس شعبے کو پیروں پر کھڑا کیا جاسکے۔

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان نیوز نے "**بلوچستان اسمبلی میں زمینداروں کے مسائل کی باز گشت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان کے سیلاب متاثرین**" کے عنوان سے جی این بھٹ کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

وفاقی کابینہ اجلاس

# ریکوڈک کیس ریفرنس بھیجنے کی منظوری

## آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے کمیٹی قائم

وزارت قانون کی طرف سے صدر پاکستان کے ذریعے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائے گا، ریکوڈک پر ہونے والے سیٹلمنٹ معاہدے پر سپریم کورٹ سے رائے لی جائے گی

**وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت کابینہ کے اجلاس میں ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق آڈیوز کے حوالے سے اہم فیصلے، سائفر معاملے پر سامنے والی آڈیوز نے سابق حکومت اور وزیراعظم عمران نیازی کی مجرمانہ سازش بے نقاب کردی ہے، کابینہ**

اسلام آباد(آن لائن) وفاقی کابینہ نے ریکوڈک کیس پر ریفرنس بھیجنے کی اجازت دیدی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ کابینہ میں ریفرنس بھیجنے پر تفصیلی بحث ہوئی، ذرائع کا کہنا ہے کہ وزارت قانون کی طرف سے صدر پاکستان کے ذریعے سپریم کورٹ میں ریفرنس دائر کیا جائے گا۔ ریکوڈک پر (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

ہونے والے سیٹلمنٹ معاہدے پر سپریم کورٹ سے رائے لی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ نے بجلی کی بچت اور پیداوار سے متعلق عملدرآمدی لائحہ عمل کی سمری موخر کردی ہے۔ کابینہ اجلاس میں سیاسی امور اور آڈیو لیکس پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ سیاسی امور اور آڈیو لیکس پر بحث کے دوران سرکاری حکام کو اجلاس سے باہر بھیج دیا گیا۔

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت کابینہ کے اجلاس میں ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق آڈیوز کے حوالے سے اہم فیصلے، تحقیقات کیلئے کابینہ کی خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت جمعہ کو کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں آڈیو لیکس کے معاملے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس نے نیشنل سیکیورٹی کمیٹی (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر2 پر)

(این ایس سی) کی طرف سے اس معاملہ کی مکمل تحقیق کرنے کے فیصلے کی تائید کی تاہم اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ ڈپلومیٹک سائفر سے متعلق سابق وزیراعظم، سابق پرنسپل سیکریٹری تو وزیراعظم اور دیگر افراد کی لیکے بعد دیگرے سامنے آنے والی آڈیوز نے سابق حکومت اور وزیراعظم عمران نیازی کی مجرمانہ سازش بے نقاب کردی ہے۔ ایک ڈپلومیٹک 'سائفر' کو من گھڑت معانی دے کر سیاسی مفادات کی خاطر کلیدی قومی مفادات کا قتل کیا گیا اور 'فراڈ، جعلسازی، 'فیبریکیشن' کے بعد اسے چوری کرلیا گیا، یہ آئینی حلف، دیگر متعلقہ قوانین، ضابطوں خاص طور پر 'آفیشل سیکرٹ ایکٹ' کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ یہ ریاست کے خلاف ناقابل معافی جرائم کا ارتکاب ہے جس کے ذریعے کلیدی ریاستی مفادات پر سیاسی مفادات کو فوقیت دی گئی لہٰذا آئین، قانون اور ضابطوں کے تحت لازم ہے کہ اس سارے معاملے کی باریک بینی سے چھان بین کی جائے اور ذمہ داروں کا واضح تعین کرکے انہیں قانون کے مطابق کڑی سزا دی جائے۔ ڈپلومیٹک سائفر کے معاملے پر کابینہ کو بریفنگ دی گئی جس میں یہ انکشاف ہوا کہ متعلقہ ڈپلومیٹک سائفر کی کاپی وزیراعظم ہاؤس کے ریکارڈ سے غائب ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سابق وزیراعظم کو بھجوائے جانے والے اس سائفر کی وزیراعظم ہاؤس میں وصولی کا اگرچہ ریکارڈ میں اندراج موجود ہے لیکن اس کی کاپی ریکارڈ میں موجود نہیں۔ قانون کے مطابق یہ کاپی وزیراعظم ہاؤس کی ملکیت ہوتی ہے۔ اجلاس نے قرار دیا کہ ڈپلومیٹک سائفر کی ریکارڈ سے چوری سنگین معاملہ ہے۔ کابینہ نے تفصیلی مشاورت کے بعد کابینہ کی خصوصی کمیٹی تشکیل دی جو تمام ملوث کرداروں سابق وزیراعظم، سابق پرنسپل سیکریٹری تو پرائم منسٹر، سینئر وزراء کے خلاف قانونی کارروائی کا تعین کرے گی۔ کابینہ کمیٹی میں حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں کے نمائندوں کے علاوہ خارجہ، داخلہ، قانون کی وزارتوں کے وزرا شامل ہوں گے۔ کابینہ کے اجلاس نے وزیراطلاعات ونشریات محترمہ مریم اورنگزیب کو لندن میں پی ٹی آئی کے کارکنوں کی جانب سے ہراساں کرنے، ڈرانے دھمکانے، سربازار بدکلامی، بدتہذیبی کا نشانہ بنانے اور ہجوم کی صورت میں گھیراؤ اور پیچھا کرنے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی۔ اجلاس نے کہا کہ اسلام، مشرقی تہذیب، قانون اور سیاسی کلچر میں مردتو در کنار کسی خاتون کے ساتھ خاص طور پر اس نوعیت کے کسی حتمی رویے کی کوئی گنجائش موجود نہیں، یہ محض فتنہ گردی ہے جس کی کوئی معاشرہ اجازت نہیں دے سکتا۔ اجلاس نے مریم اورنگزیب کی مثالی تحمل مزاجی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے جذبے، ہمت اور بہادری کو سراہا اور ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اجلاس نے یہ بھی قرار دیا کہ پی ٹی آئی اور اس کی قیادت نے نہ صرف مرد سیاسی مخالفین خاص طور پر خواتین کو ہمیشہ بدتہذیبی اور بدکلامی کا نشانہ بنایا ہے بلکہ خواتین صحافیوں کے ساتھ بھی ہمیشہ نہایت ہی قابل مذمت رویہ اپنایا ہے۔ اس کے علاوہ خواتین کے بارے میں عمومی طور پر پی ٹی آئی اور اس کے چیئرمین کا رویہ ہمیشہ ہی متعصبانہ، جانبدارانہ اور توہین آمیز رہا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے، کم ہے۔ معاشرے کے ہر طبقے سمیت تمام پاکستانیوں کو اس ناقابل قبول طرز عمل کی مذمت کرنی چاہئے۔ وفاقی کابینہ نے وزارت قانون وانصاف کی سفارش پر ریکوڈک کے حوالے سے وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کے ریکوڈک منصوبے کی تعمیر کے بارے سپریم کورٹ کے گزشتہ فیصلے کے حوالے سے وزیراعظم کی سفارش پر صدر پاکستان کی طرف سے وضاحتی ریفرنس دائر کرنے کی منظوری دی۔ اس کے ساتھ ساتھ ریفرنس میں Foreign Investment (Protection & Promotion) Bill 2022 کی منظوری کے حوالے سے بھی وضاحت طلب کی جائے گی۔ کابینہ نے وزارت داخلہ کی سفارش پر ای سی ایل (Control Exit List) میں ناموں کی شمولیت اور اخراج کے لیے نئے ایس او پیز (Standard Operating Procedure 2022) کی منظوری دی۔ نئے 'ایس۔او۔پیز' کے تحت 'ای۔سی۔ایل' میں ناموں کی شمولیت اور اخراج کا طریقہ کار پہلے سے شفاف اور آسان بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کابینہ نے ای سی ایل میں 12 ناموں کی شمولیت اور 3 کے فہرست سے اخراج کی منظوری دی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 01 OCT 2022 Page No. 7

# لیویز علاقائی فورس، بلوچستان کو اسکی ضرورت ہے، ڈی جی لیویز

حکومت بلوچستان لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے لیویز صوبے میں تمام تر چیلنجز سے نمٹنے سمیت جرائم پیشہ عناصر اور ملک دشمن قوتوں کا قلع قمع کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، قادر بخش پرکانی

ماتمی جلوس، زائرین، غیر ملکی سفیروں سمیت قدرتی آفات کے دوران اسپیشل ڈیوٹی میں لیویز فورس کا کوئی ثانی نہیں ہے لیویز فورس پر فخر ہے شہداء لیویز کی بدولت صوبے میں امن برقرار ہے امن وامان کے قیام کا سہرا لیویز فورس کے سر جاتا ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس قادر بخش پرکانی نے کہا کہ لیویز علاقائی اور بہترین فورس ہے بلوچستان کو لیویز فورس کی ضرورت ہے حکومت بلوچستان نے لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے لیویز صوبے میں تمام تر چیلنجز سے نمٹنے سمیت جرائم پیشہ عناصر اور ملک دشمن قوتوں کا قلع قمع کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے صوبے کے عوام پر لیویز فورس پر اعتماد کا اظہار کرچکی ہے جبکہ عوام اور لیویز کے درمیان باہمی تعاون برقرار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں نجی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے جہاں قبائلی نظام کو مدنظر رکھ کر اقدام اٹھائے جاتے ہیں لیویز فورس میں خواتین کی بھرتیاں چادر چاردیواری کی عزت اور قبائلی نظام کی عکاسی کرتا ہے بلوچستان کے تمام اضلاع میں خواتین کانسٹیبلو تعینات کی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ ماتمی جلوس، زائرین، غیر ملکی سفیروں سمیت قدرتی آفات کے دوران اسپیشل ڈیوٹی میں لیویز فورس کا کوئی ثانی نہیں ہے لیویز فورس پر فخر ہے شہداء لیویز کی بدولت صوبے میں امن برقرار ہے امن وامان کے قیام کا سہرا لیویز فورس کے سر جاتا ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال میں لیویز کے جوانوں نے فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے ریسکیو آپریشن (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

میں حصہ لیا انہوں نے کہا کہ فورس میں سپورٹس کی سرگرمیاں ہونی چاہیے لیویز کے جوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے لیویز میں فٹ بال، کرکٹ، باکسنگ اور کبڈی کے بے شمار بہترین کھلاڑی موجود ہیں انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں لیویز کی کارکردگی کسی سے پوشیدہ نہیں ہے مستقبل میں لیویز کی تاریخ پر کتاب سنہرے الفاظ سے لکھی جائیگی۔

# سیلاب متاثرین کو صاف پانی سمیت دیگر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، ڈی سی صحبت پور

ضلع بھر میں سیلاب متاثرین کو ملیریا اور دیگر موذی امراض سے بچاؤ کیلئے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد بھی جاری ہے، جمیل بلوچ

چند شرپسند عناصر گروپس کی صورت میں راشن کے ٹرکوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں جو کہ ناقابل برداشت عمل ہے اس سے وہ دوسروں کا حق کھا رہے ہیں

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کا تحصیل فرید آباد کے مختلف مقامات پر ضلعی انتظامیہ کے جانب سے لگائے گئے ٹینٹ سٹی کا دورہ اس موقع خیمہ بستیوں میں متاثرین کو صاف پانی فراہمی کیلئے بنائے جانیوالی ٹینکیوں کے کام کا جائزہ لیا (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 5 پر)

خیمہ بستیوں میں موجود اسٹاف کو فوری طور پر کام مکمل کرنے کے احکامات دیئے اس موقع صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر (ر) کیپٹن جمیل احمد کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے لگائے گئے خیمہ بستیوں میں پینے کے صاف پانی سمیت واشروم اور دیگر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ متاثرین کو راشن بھی فراہم کیا جارہا ہے ضلع بھر میں سیلاب متاثرین کو ملیریا اور دیگر موذی امراض سے بچاؤ کیلئے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد بھی جاری ہے ڈپٹی کمشنر جمیل احمد کا مزید کہنا تھا کہ ضلع بھر کے متاثرین کیلئے مختلف این جی اوز کی جانب سے راشن فراہم کیا جارہا ہے لیکن چند شرپسند عناصر گروپس کی صورت میں راشن کی ٹرکوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں جو کہ ناقابل برداشت عمل ہے اس سے وہ دوسروں کا حق کھا رہے ہیں لیکن یہ شرپسند عناصر بہت جلد قانون کی گرفت میں ہونگے ان کیخلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی ڈپٹی کمشنر نے ضلع صحبت پور کی عوام سے گزارش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے شرپسند عناصر کی نشاندہی کریں تاکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل لائی جاسکے ان کا مزید کہنا تھا کہ گورنمنٹ آف پاکستان، گورنمنٹ آف بلوچستان، وزیراعظم، وزیراعلیٰ، چیف سیکریٹری بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، پی ڈی ایم اے، این ڈی ایم اے و دیگر ادارے سیلاب متاثرین کی بحالی اور امدادی سرگرمیوں، کیساتھ ساتھ متاثرین کی ہرممکن مدد میں مصروف ہے ان شاء اللہ آخری سیلاب متاثرہ اشخاص تک سر توڑ محنت جاری رکھیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 8 Dated: 01 OCT 2022 Page No. 10


## تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میٹرو پولیٹن ملازمین کا احتجاج

**تین ماہ سے تنخواہ نہیں ملی، گریجویٹی اور پنشن بند ہیں، ملازمین ذہنی اذیت کا شکار ہیں، مظاہرین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف جمعہ کے روز میٹروپولیٹن کے احاطے میں احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرے کے شرکاء نے مطالبات کے حق میں نعرے بازی کی۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ تین ماہ سے مستقل اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے ملازمین کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئی ہیں ایک سال سے گریجویٹی اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن بند ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت اداروں کو مفلوج کرنے کی کوشش کررہی ہے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین گزشتہ ایک سال سے فنڈز کے اجراء کیلئے سراپا احتجاج ہیں حکومت کی جانب سے وعدے کرنے کے باوجود میٹروپولیٹن کا گرانٹ جاری نہیں کیا گیا، انہوں نے کہا کہ تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث مالی مشکلات کا سامنا ہے سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی نااہلی کے باعث ملازمین پریشان ہیں انہوں نے کہا کہ ملازمین کی تنخواہیں، گریجویٹی اور ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن ادا نہ کی گئی تو احتجاج کو وسعت دیں گے۔

## وفاقی ملازمتوں کی تشہیر میں بلوچستان کا محدود کوٹہ، بے روزگار نوجوان مایوس

**وفاق میں صوبے کی گریڈ ایک سے 14 تک کی سینکڑوں اسامیاں تعیناتی کی منتظر ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کا کوٹہ بدستور نظرانداز، وفاقی ملازمتوں کی تشہیر میں بلوچستان کا حصہ انتہائی محدود، بے روزگار مایوسی کا شکار، ذرائع کے مطابق اس وقت وفاق کے زیر انتظام مختلف محکموں میں بلوچستان کے کوٹہ کی اسامیاں خالی ہیں جن پر گزشتہ کئی برسوں سے کوئی بھرتی عمل میں نہیں لائی جا رہی پسماندہ صوبے کے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں تھامے سرکاری دفاتر کے چکر پہ چکر لگانے پر مجبور ہیں قدرتی ذخائر سے مالا مال صوبے کے باصلاحیت نوجوانوں کی بڑی تعداد بے روزگار ہے اور ملازمتوں کے حصول کے لیے در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں وہیں دوسری جانب حکام کی عدم دلچسپی کی وجہ سے وفاق میں صوبے کی گریڈ ایک سے 14 تک کی سینکڑوں اسامیاں تعیناتی کی منتظر ہیں جبکہ حالیہ مشتہر کی جانے والی اسامیوں میں بلوچستان کا کوٹہ انتہائی محدود کر دیا گیا ہے بمشکل ایک آدھ نوکری بلوچستان کے حصے میں ڈالی جاتی ہے وہ بھی کلاس فور کی، ذرائع نے بتایا ہے کہ اس مسئلہ پر مختلف فورمز پر آواز بلند کی گئی جس پر سابق حکومت کی جانب سے یقین دہانی بھی کروائی گئی تھی کہ بلوچستان کے کوٹے پر عمل ہوگا اور امتیازی سلوک غیر منصفانہ رویہ نہیں برتا جائے گا اور میرٹ کے مطابق بھرتیاں عمل میں لائی جائیں گی لیکن تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے اپیل کی ہے کہ وہ وفاقی محکموں میں بلوچستان کے کوٹے کی خالی آسامیوں کا نوٹس لیں اور وفاق کی توجہ اس جانب مبذول کروائیں تاکہ بے روزگاروں میں پائی جانے والی مایوسی و بے چینی کا خاتمہ ہو۔

## فیصل ٹاؤن، گیس اور پانی کا بحران سنگین، جابجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر

**متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود مسائل پر توجہ نہیں دی جا رہی ہے، احتجاجی تحریک شروع کی جائیگی، فیصل ٹاؤن ویلفیئر سوسائٹی**

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) فیصل ٹاؤن کے مسائل پر توجہ نہ دی گئی تو شدید احتجاج کریں گے۔ اس بات کا فیصلہ فیصل ٹاؤن ویلفیئر سوسائٹی کے اجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت عبدالشکور مری نے کی۔ اجلاس کی کارروائی جنرل سیکرٹری آفتاب لہڑی نے پیش کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ گیس پریشر پانی کی قلت گندگی اور دیگر مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے علاقے میں صفائی ستھرائی نہیں کرائی جا رہی جس کے باعث جابجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں اور ہر طرف تعفن پھیلا ہوا ہے۔ فیصل ٹاؤن گلی نمبر 9 اور ملحقہ علاقے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکے ہیں متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ موسم سرما کی آمد آمد ہے گیس پریشر کی درستی کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں پانی کی قلت کے باعث لوگ مہنگے داموں واٹر ٹینکر خرید کر ضروریات پوری کر رہے ہیں انہوں نے صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ علاقے کے مسائل پر ترجیحی بنیادوں پر توجہ دی جائے ورنہ احتجاج کریں گے جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

## ژوب ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ڈاکٹروں کی عدم تعیناتی

**مریضوں کو مشکلات کا سامنا**

**گائنا کالوجسٹ نہ ہونے کی وجہ سے خواتین مریض علاج معالجے سے محروم، ڈاکٹروں کی خالی اسامیوں پر جلد تعیناتی عمل میں لائی جائے، عوامی حلقے**

ژوب (نامہ نگار) ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ماہر ڈاکٹروں کی 32، لیڈی میڈیکل آفیسروں کی 19 اور میڈیکل آفیسروں کی 9 اسامیوں سمیت 61 اسامیاں خالی، گائنا کالوجسٹ نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں بالخصوص حاملہ خواتین کو مشکلات کا سامنا، مریض کوئٹہ اور ڈی آئی خان کے پرائیویٹ ہسپتالوں کا رخ کرنے پر مجبور رپورٹ کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ماہر ڈاکٹروں کی عدم تعیناتی کی وجہ سے مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہسپتال میں ایک ماہر ڈاکٹر بھی تعینات نہیں ہے ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ ملنے کے باوجود اسپیشلسٹ اور گائنا کالوجسٹ سمیت دیگر ڈاکٹروں کی 32 اسامیاں جبکہ لیڈی میڈیکل آفیسروں کی 19 اور میل میڈیکل آفیسروں کی 9 اسامیاں خالی پڑی ہیں ہسپتال میں صرف دو لیڈی میڈیکل آفیسر اور 10 میل میڈیکل افیسران ایک جنرل سرجن کنٹریکٹ پر خدمات انجام دے رہے ہیں ہسپتال ذرائع کے مطابق ایک لیڈی میڈیکل آفیسر رخصت پر ہونے کی وجہ سے ہسپتال میں صرف ایک لیڈی میڈیکل افیسر خدمات انجام دے رہی ہیں ماہر ڈاکٹروں کی عدم تعیناتی سے مریض علاج و معالجے سے محروم جبکہ گائنا کالوجسٹ نہ ہونے کی وجہ سے خواتین مریض سخت مشکل صورتحال کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں مریض پرائیویٹ ہسپتالوں یا پھر کوئٹہ اور ڈی آئی خان کا رخ کرنے پر مجبور ہیں جہاں خواتین زچگی کے سی سیکشن کیلئے کم از کم پچاس ہزار روپے تک وصول کئے جاتے ہیں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر محمد انور مندوخیل اور عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان محکمہ صحت حکام سے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال میں ماہر ڈاکٹروں بالخصوص گائنا کالوجسٹ کی تعیناتی اور ادویات کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 01 OCT 2022 Page No. 12


# بلوچستان کا زرعی شعبہ، وفاق اور صوبے کی یکساں توجہ ناگزیر!!

بلوچستان اسمبلی کے فلور پر گزشتہ روز ایک بار پھر صوبے کے سب سے بڑے پیداواری شعبے زراعت کی تباہی حالی کی صدائے بازگشت سنائی دی ہے اور جہاں ایک طرف صوبائی وزراء نے صوبے کے زمینداروں کی جانب سے جاری احتجاج کو مبنی برحق قرار دیتے ہوئے اس کی اخلاقی حمایت کی ہے وہاں اپوزیشن اراکین کی جانب سے یہ تجویز سامنے آئی ہے کہ صوبے کے زرعی شعبے کی بحالی واستحکام اور اس شعبے میں درپیش مسائل کے حل اور خاتمے کے لئے باضابطہ طور پر وفاق سے رجوع کیا جائے۔ صوبائی حکومت اس ضمن میں وفاق سے رجوع کرتی ہے یا نہیں سردست کچھ نہیں کہا جاسکتا تاہم امر مسلم یہی ہے کہ بلوچستان کا زرعی شعبہ جو عرصہ دراز سے ابتری اور تنزلی کا شکار تھا حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب نے رہی سہی کسر بھی نکال دی ہے حالانکہ بلوچستان میں سب سے زیادہ جس شعبے سے لوگوں کی روزی روٹی وابستہ ہے وہ زرعی شعبہ ہی ہے ایک محتاط اندازے کے مطابق بلوچستان کے ستر فیصد سے زائد لوگوں کا ذریعہ معاش دو بڑے شعبوں زراعت اور گلہ بانی سے وابستہ ہے یہ دونوں ہی شعبے حالیہ بارشوں اور سیلاب سے تباہ ہوئے ہیں زرعی شعبے کی اگر بات کریں تو بلوچستان کسی زمانے میں اپنی مثالی اور خاطر خواہ زرعی پیداوار کی بناء پر فروٹ باسکٹ کہلاتا تھا یہاں نہ صرف ہر طرح کے پھل اور سبزیاں کاشت ہوتی ہیں بلکہ سندھ سے متصل بلوچستان کا صرف ایک ڈویژن نصیر آباد (جو صوبے کا گرین بیلٹ بھی کہلاتا ہے) میں چاول اور گندم کی اتنی پیداوار ہوتی ہے کہ صوبے کی اپنی ضروریات سے اس سے بہ آسانی پوری ہوجاتی ہیں اور مجموعی ملکی ضرورت پوری کرنے میں بھی اس کا اہم حصہ ہے لیکن المیہ ملاحظہ ہو کہ سیلاب اور بارشوں سے قبل بھی صوبے کی زراعت تباہی سے دوچار تھی اب سیلاب اور بارشوں کے بعد ایک نئے بحران کا جنم ہوا ہے ایک طرف جہاں صوبے کی پیدوار بری طرح سے متاثر ہوئی اور امسال صوبے میں اجناس کی قلت کے خدشات سر اٹھا رہے ہیں وہاں خدشہ یہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ اگر تباہ حال شعبے کی بحالی و استحکام کے لئے وفاق اور صوبے نے باہم مل کر اقدامات نہیں اٹھائے تو یہ شعبے کئی برس بعد بھی اپنے پیروں پر کھڑا نہیں ہوسکتا پہلے سے صوبے میں بجلی کا بحران تھا، آبی قلت سے لے کر بیج اور کھاد کی عدم دستیابی تک اور فارم ٹو مارکیٹ سہولیات ناپید ہونے سے لے کر فروٹ وسبزی منڈیوں کے مسائل تک بہت ساری مشکلات کاشتکاروں، کسانوں اور زمینداروں کو درپیش تھیں صوبے کے زمینداروں کو اگرچہ بجلی سبسڈی پر ملتی ہے تاہم اس کے علاوہ بھی بہت سارے اقدامات کا یہ شعبہ متقاضی ہے سردست بلوچستان حکومت نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زرعی شعبے کے لئے پندرہ ارب روپے سے زائد کی سبسڈی کی منظوری دی ہے تاکہ کسانوں اور کاشتکاروں کو رعایتی قیمتوں پر بیج اور کھاد وغیرہ دیئے جاسکیں، سولر تنصیبات اور بورنگ وغیرہ کے لئے بھی اقدامات اٹھانے کا اعلان ہوا ہے تاہم ضروری ہے کہ اس حوالے سے وفاق سے بھی مدد طلب کی جائے بلوچستان اسمبلی کے فلور پر گزشتہ روز یہی تجویز آئی ہے۔ پچھلے روز زمینداروں کے جاری احتجاج کی جانب بی این پی کے اصغر علی ترین نے ایوان کی توجہ نکتہ اعتراض پر مبذول کرائی اور کہا کہ اسمبلی کے باہر زمیندار احتجاج کر رہے ہیں، انہوں نے بجلی کے بل معاف کرنے، نقصانات کے ازالے سمیت چھ نکات پیش کئے ہیں ایوان کی کمیٹی بنا کر ان سے مذاکرات کیے جائیں۔ جس پر صوبائی وزیر زراعت اظہار خیال کرتے ہوئے وفاق کی مدد اور معاونت کو ناگزیر قرار دیا ان کا کہنا تھا کہ سیلاب کی تباہ کاریاں بہت زیادہ ہیں اگر مرکز صوبے کا ساتھ دے تو ہم بحالی کو ممکن بنا سکتے ہیں وزیر زراعت کے بقول وفاق سے کہہ دیا گیا ہے کہ صوبے کو بیس ہزار ٹریکٹر کے گھنٹے، چھ لاکھ بلڈوز گھنٹے، زرعی قرضہ معاف اور ٹیوب ویلز کے بقایاجات ختم کرکے معاونت فراہم کی جائے صوبائی حکومت پندرہ ارب روپے کی لاگت سے زمینداروں اور کسانوں کو بیج دے رہی ہے صوبہ اس پوزیشن میں نہیں کہ اپنے وسائل کے تحت زرعی شعبے کی بحالی کو ممکن بنائے۔ وزیر زراعت نے بھی زمینداروں کے مسائل کو جائز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بلوچستان کے وقت زمینداروں کو مدد کی ضرورت ہے صوبہ اپنے وسائل میں رہتے ہوئے جو کچھ کر رہا ہے وہ ہونے دیا جائے۔ اس موقع پر حکومت اور اپوزیشن کے دیگر اراکین نے بھی اظہار خیال کیا تاہم بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی (جو زمیندار ایکشن کمیٹی کے بھی عہدیدار اور کافی عرصے تک کمیٹی کی سربراہی کرچکے ہیں) کی دی گئی تجویز کا ذکر لازمی ہے انہوں نے ایوان کو تجویز دی کہ چونکہ زرعی شعبے میں اربوں کے نقصانات ہوئے اور زمینداروں کی بحالی کے لئے اچھے خاصے وسائل درکار ہیں اس لئے اس حوالے سے وفاق سے رابطہ کیا جائے اور باقاعدہ ایک پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے جو وفاق جاکر وزیراعظم سمیت دیگر حکام سے ملاقات کرکے بلوچستان کا کیس ان کے سامنے رکھے، انہوں نے کہا کہ تخمینہ کمیٹی میں زمینداروں کے نمائندے شامل کئے جائیں اس وقت صوبے کے سترہ سے اٹھارہ اضلاع میں بجلی بند کردی گئی ہے جس کی وجہ سے زرعی ٹیوب ویلز سے پانی کی فراہمی معطل ہے بجلی کی بحالی کیلئے دو سے ڈھائی ارب روپے سالانہ چاہیئے ہوتے ہیں اس رقم کے اجراء کو یقینی بنایا جائے۔ بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کی ضرورت ہے بلوچستان میں سندھ سے متصل نصیر آباد ڈویژن میں ہی نہری نظام آبپاشی ہے باقی پورے صوبے میں زراعت کا انحصار ٹیوب ویلوں پر ہے ٹیوب ویلوں کو چلانے کے لئے بجلی ناگزیر ہے اور بجلی بحران بھلا کس سے پوشیدہ ہے اسی بناء پر اب حکومت سولرائزیشن کی جانب بڑھ رہی ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل ہونا چاہئے یہ وقت کی ضرورت ہے اس کا ایک فائدہ یہ ہوگا کہ بجلی کی بچت ہوگی دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ اربوں روپے کی سبسڈی جو وفاق اور صوبہ مل کر دیتے ہیں یہ پیسے بچ جائیں گے اس کے ساتھ ساتھ زرعی شعبے میں تحقیق اور زراعت توسیعی کے شعبوں پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے ہم اراکین بلوچستان اسمبلی کی تجاویز اور آراء سے اتفاق کرتے ہیں ضرورت اسی امر کی ہے کہ بلوچستان حکومت نہ صرف خود زرعی شعبے کی بحالی واستحکام کے لئے پہلے کے مقابلے میں زیادہ تندہی سے اقدامات اٹھائے بلکہ اس ضمن میں وفاق سے بھی رابطہ کیا جائے اور وفاق اور صوبہ مل کر ایسے اقدامات اٹھائیں جن کی بدولت اس شعبے کو پیروں پر کھڑا کیا جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 OCT 2022 Page No.________



وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے بی این پی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر شاہوانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ________ Dated: 01 OCT 2022 Page No. ________

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، مشیر داخلہ ضیاء لانگو سے قائمقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل اور بابر کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قائم مقام اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل، ڈاکٹر ناصر اچکزئی کے صاحبزادوں کے وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قائم مقام اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کمانڈنٹ ایف سی سلمان چوہدری کے والد کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں